Jubilee
LIFE INSURANCE



# RETIRE SMART PLUS

# ریٹائر اسمارٹ پلس

زندگی آپ پر مہربان رہی اور مزید مہربانیاں آپ کی منتظر ہیں۔ ریٹائرمنٹ وہ وقت ہے جب آپ اپنے خوابوں کے مطابق چھٹیاں گزار سکیں، اور آپ کو اس بات کی فکر نہ ہو کہ واپسی پر کتنا کام آپ کا منتظر ہوگا۔ RetireSmart Plus کے ساتھ زندگی کی خوشیاں منائیے۔ RetireSmart Plus ایسا پلان ہے جو آپ کے سنہری برسوں کو سلیقے سے گزارنے میں آپ کی مدد کرتا ہے، چاہے آپ دنیا کی سیر کرنا چاہتے ہوں یا بالاخر لگژری کار خریدنے کی خواہش پوری کرنا چاہتے ہوں، یہی وہ وقت جب آپ اپنی دیرینہ آرزوؤں کی تکمیل کر سکتے ہیں۔

## سب کے لئے حتمی حل!

## پلان کی تکمیل کے وقت ریٹائرمنٹ کے فوائد

جب آپ ریٹائرمنٹ کی عمر کو پہنچیں تو RetireSmart Plus آپ کو مجموعی کیش ویلیو (Accumulated Cash Value) مہیا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ RetireSmart Plus آپ کو یہ سہولت بھی فراہم کرتا ہے کہ آپ اپنے فنڈ کے مجموعی کیش ویلیو کے ذریعے ''Pension for life program'' کا حصہ بن جائیں تاکہ آپ زندگی بھر تسلسل سے ایک مخصوص آمدنی سے مستفید ہو سکیں۔

## خاندان کی حفاظت (لائف انشورنس کی سہولت):

خاندان کا ہونا ایک نعمت ہے جس کی آپ قدر کرتے ہیں، اور آپ انہیں اپنے قریب رکھنا اور ہر سہولت و آسائش فراہم کرنا چاہتے ہیں اور آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کسی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں انہیں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

RetireSmart Plus آپ کے خاندان کو تحفظ فراہم کرتا ہے جس کے تحت آپ کی ناگہانی موت کی صورت میں وہ بیمہ شدہ رقم یا کیش ویلیو (جو بھی زیادہ ہو) کے حق دار ہوتے ہیں۔

## لائف انشورنس فوائد کا تعین کرنا:

بیمہ شدہ رقم کے تعین کے لئے آپ اپنے سالانہ بنیادی پریمیئم کو مجوزہ مجموعی بیمے سے ضرب دے لیجئے (پیشکش 10 سے 25 اقساط تک ہے)* اور اس کا انحصار آپ کی مالی ضروریات پر ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ سالانہ 150,000 روپے بطور پریمیئم ادا کرتے ہیں، اور آپ کا منتخب کردہ کور ملٹیپل 10 ہے تو اس لحاظ سے آپ کی مجموعی بیمہ کی رقم 1,500,000 روپے بنتی ہے۔

* (انشورنس کی مدت کا انحصار پالیسی لیتے وقت پالیسی کنندہ کی عمر پر ہے)

## اساسی فوائد

### حادثاتی موت:

زندگی غیر یقینی صورتحال سے بھری پڑی ہے۔ بے وقت حادثاتی موت کی صورت میں RetireSmart Plus آپ کو Accidental Death Benefit کی پیشکش کرتا ہے، جس کے تحت مجموعی بیمہ شدہ رقم کے مساوی اضافی رقم بھی پالیسی میں نامزد فرد / افراد کو ادا کی جائے گی تا کہ آپ کے خاندان اور چاہنے والوں کی اس مشکل وقت میں مدد ہو سکے۔

## قابل قدر خصوصیات

ذیل میں دی گئی قبل قدر خصوصیات میں سے آپ کوئی بھی سہولت حاصل کر سکتے ہیں:۔

### مہلک بیماری:

اگر آپ تخصیص شدہ مہلک بیماریوں میں سے کسی کا شکار ہو جاتے ہیں تو اس صورت میں آپ پلان کی تکمیل سے قبل ہی علاج کے اخراجات کے لئے مجموعی بیمہ شدہ رقم سے ایڈوانس حاصل کر سکتے ہیں تا کہ اس کڑے وقت میں آپکو مالی مشکلات کی فکر نہ ہو۔

### پریمیئم کی معافی:

خدانخواستہ اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے پچھلے 6 ماہ سے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام نہیں دے سکے ہیں تو RetireSmart کی آئندہ کی اقساط جوبلی لائف ادا کرے گی تا کہ آپ کی اقساط کی ادائیگی میں کوئی تعطل نہ آئے اور آپ کی کیش ویلیو وقت کے ساتھ بڑھتی رہے اور آنے والے برسوں میں آپ کو ذہنی سکون حاصل رہے۔

### خاندان کی آمدنی:

RetireSmart Plus آپ کو "Family Income Benefit" کی سہولت فراہم ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کے انتقال کی صورت میں، جبکہ آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو، آپ کا خاندان اپنا معیار زندگی برقرار رکھ سکے۔ اس اسکیم کے تحت آپ کے اہل خانہ کو ایک مخصوص اضافی رقم، دیگر فوائد کے علاوہ بھی ملتی رہے گی۔



## مستقل و مکمل معذوری:

کبھی سوچا کہ خدانخواستہ کسی حادثہ کی صورت میں آپ کما نہ سکیں تو آپکے پیارے کس طرح گزارا کریں گے۔ RetireSmart Plus پلان آپکی ان تمام پریشانیوں کا حل پیش کرتا ہے اور آپکے اہل خانہ کو اس صورت میں وہ فوائد حاصل ہوں گے جو موت کی صورت میں حاصل ہوتے ہیں۔

## اسپتال داخل ہونے کی صورت میں:

ایک عام آدمی کے لئے بڑھتے طبی اخراجات پورے کرنا کار دشوار ہے۔ بہت زیادہ طبی اخراجات آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو شدید مالی مشکلات سے دوچار کر سکتے ہیں۔ اس پلان کے تحت پالیسی ہولڈر کو روزانہ فوائد کی سہولت حاصل ہوتی ہے، اگر آپ مخصوص مہلک بیماریوں کے باعث اسپتال میں داخل ہوتے ہیں تو اس صورت میں یہ فوائد دگنے ہو جاتے ہیں۔ انتہائی نگہداشت وارڈ کی صورت میں مزید پچاس فیصد اضافی بنیفیٹ بھی ادا کیا جائے گا۔ اس بینفیٹ کے ذریعے آپ اپنے شریک حیات اور بچوں کو بھی کور کر سکتے ہیں۔

## سرمایہ کاری کا تعین کریں

RetireSmart Plus پلان آپ کو مرضی کے فنڈ میں سرمایہ کاری کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مینیجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ |

## سرمایہ کاری میں اضافہ کرنا

وقت ہمیشہ یکساں نہیں رہتا۔ ہوسکتا ہے کہ کبھی آپ کے پاس وافر سرمایہ ہو، تو ایسی صورت میں اخراجات بڑھانے کے بجائے اس رقم سے آپ اپنی سرمایہ کاری کے حجم میں اضافہ کرسکتے ہیں اور یہ سرمایہ کاری آپ کو اس وقت فائدہ پہنچائے گی جب آپ کام نہیں کررہے ہوں گے۔ یہ سرمایہ کاری آپ کے منتخب کردہ فنڈز میں اس وقت کی موجودہ قیمت کے تناسب سے کی جائے گی۔

## کنٹیونٹی بونس

پالیسی کو مستقل پانچ سال سے زائد بلاتعطل جاری رکھنے کی صورت میں آپ ''کنٹیونٹی بونس'' کے حق دار ہوجاتے ہیں۔ یہ بونس اضافی یونٹس کی صورت میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں جمع ہوجائیں گے۔ آپ اپنا پلان جس قدر طویل رکھیں گے، یہ بونس بھی بڑھتے رہیں گے۔ یہ اضافی یونٹس آپ کی کیش ویلیو (Cash Value) کو تیزی سے بڑھانے میں مددگار ہوں گے۔

بیمہ پالیسی کے پریمیئم کی مناسبت سے ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن کا تناسب درج ذیل ہوگا۔

| پالیسی کا سال | ایکسٹرا ایلوکیشن % |
|---|---|
| 6 تا 10 | 3% |
| 11 تا 15 | 5% |
| 16 تا 19 | 8% |
| 20 یا زائد | 10% |

یہ ایکسٹرا ایلوکیشن یونٹس کی بنیادی ایلوکیشن کے علاوہ ہے۔

## مہنگائی سے مقابلہ

قیمتوں میں اضافہ ہونے کی صورت میں آپ کی آج کی بیمہ شدہ رقم کی حیثیت آنے والے برسوں میں کم ہوجاتی ہے۔RetireSmart Plus پلان آپ کو اس مہنگائی کے اثرات کا مقابلہ کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے اور آپ کی پریمیئم میں اضافے کے ساتھ ساتھ بیمہ شدہ رقم میں بھی اضافہ کرتا ہے تاہم آپ کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ آپ موجودہ پالیسی کو جاری رکھیں یعنی اپنے پلان کو انہی شرائط پر قائم رکھیں یا اپنی ضروریات کے مطابق کمتر اضافے کا انتخاب کریں۔

## ایمرجنسی فنڈ بینیفٹ

آپ کو جب کبھی کسی ضرورت کی تکمیل کے لئے اضافی رقم درکار ہو تو RetireSmart Plus آپ کو پالیسی کی رقم سے جزوی رقم نکالنے کی سہولت فراہم کرتا ہے، اور جب تک آپ کی باقی ماندہ متعین رقم کی مالیت 150,000 روپے کے مساوی یا اس کے زائد ہو تو آپ کو لائف انشورنس کی سہولیات بھی حاصل رہیں گی۔ (باقی ماندہ کیش ویلیو کی حد پر کمپنی کی جانب نظر ثانی کی جاسکتی ہے)۔ یہ سہولت اس صورت میں حاصل کی جاسکتی ہے کہ جب پالیسی کے دو سال مکمل ہو چکے ہوں اور آپ نے دو سال کا پریمیئم ادا کر رکھا ہو۔

## پالیسی کا مکمل خاتمہ

کسی فوری ضرورت کے تحت آپ اپنی سرمایہ کاری کو استعمال میں لانا چاہتے اور پالیسی کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو دو سال کے بعد RetireSmart Plus آپ کو کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے کیش ویلیو (Cash Value) سے مستفید ہونے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ دو سال کے بعد آپ اپنی پالیسی ختم کر سکتے ہیں۔ خاتمے کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مکمل ”کیش ویلیو“(Cash Value) ادا کر دی جائے گی۔ آپ کی پالیسی جاری رکھنے کا عرصہ جتنا طویل ہوگا کیش ویلیو اتنی ہی زائد ہوگی۔

(نوٹ: ابتدائی برسوں میں پالیسی ختم کرنے کی صورت میں کیش ویلیو کم ہوسکتی ہے)

## نمایاں خصوصیات

| | |
|---|---|
| ادائیگی کا طریقہ کار | سالانہ، ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ |
| عمر کی مدت | 18 سے 55 سال |
| کم از کم پریمیئم | 150,000 روپے سالانہ |
| دستیاب پالیسی کی مدت | 10 سے 57 سال |
| پالیسی کی تکمیل کے وقت زیادہ سے زیادہ عمر کی حد | 75 برس |

## یونٹس کی ایلوکیشن

سرمایہ کاری میں بنیادی پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہوگا:۔

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن % |
|---|---|
| 1 | 40% |
| 2 | 85% |
| 3 | 90% |
| 4 یا زائد | 100% |
| ایڈہاک | 100% |

## دیگر چارجز*

ابتدائی سالوں میں رعایتی ایلوکیشن کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز بھی پلان پر عائد کیے جائیں گے :

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5 فیصد |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن فیس | 55 روپے ماہانہ |
| مورٹیلٹی چارجز | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہوگا |
| پالیسی تبدیلی چارجز | سال میں چار بار پالیسی تبدیلی پر کوئی چارجز نہیں/اس کے بعد تبدیلی کی صورت میں ہر بار 500 روپے چارج کیئے جائیں گے۔ |
| پالیسی فیس | سالانہ اور ماہانہ انتخاب پر کوئی چارج نہیں، ششماہی کے لئے 250 روپے جبکہ سہ ماہی کے لئے 300 روپے چارج ہوں گے |

* کمپنی تمام اخراجات پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

JUBILEELIFE.COM

## فری لُک عرصہ (Free Look Period)

جوبلی لائف 14 دن کے لئے فری لُک عرصہ فراہم کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو اپنی پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ آپ کا پریمیئم آپ کی تحریری درخواست پر پالیسی دستاویز کی وصولی کی تاریخ سے 14 دن کے اندر واپس کر دیا جائے گا۔ جوبلی لائف کے پاس طبی معائنے پر اٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ ہے۔

## اعتذار

- یہ کتابچہ RetireSmart Plus کا ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔ پلان اور Add-On فوائد تفصیلی شرائط کے تحت بروئے عمل لائے جاتے ہیں جو پالیسی قوانین اور شرائط میں درج ہیں۔


Jubilee Life Insurance Company Limited
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone: (021) 35205095
Fax: (021) 35610959
UAN: (021) 111-111-554 (JLI)
SMS: "JUBILEELIFE" to 8398
Email: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
Website: www.jubileelife.com